# 12-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخی

۱۔مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے خواتین کو بااختیار بنانے کی بات کرنے والی سیاسی پارٹیوں کو پارلیمنٹ میں 'ناری شکتی وندن ادھی نیم' بل کی مدد کرنے کا مطالبہ کیا۔

۲۔ریاستی وزیر سریدھر بابو نے آج سدی پیٹ ضلع کے نرمٹا گاؤں میں 210 کروڑ کی لاگت سے تعمیر کیے جانے والے بائیوفیول فیکٹری کے پہلے مرحلہ کے تعمیراتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔

۳۔ تلنگانہ کے ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے منچریال ضلع کے کنے پلی منڈل میں نئے تعمیر شدہ پولیس اسٹیشن کی عمارت کا افتتاح کیا۔

۴۔مشہور گلوکارہ آشا بھوسلے کے انتقال پر تلنگانہ کے وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے اپنے گہرے دکھ کا اظہار کیا۔

Inter Results

انٹرمیڈیٹ پبلک امتحانات کے نتائج کو حکومت کے مشیر کے کیشو راؤ نے آج جاری کیا۔ انٹرمیڈیٹ سال اول میں 66.20 فیصد طلبہ نے کامیابی حاصل کی جبکہ انٹرمیڈیٹ سال دوم میں 70.58 فیصد طلبہ نے کامیابی حاصل کی۔ انٹرمیڈیٹ سال اول کے نتائج میں میڑچل ملکاجگری ضلع کو پہلا مقام حاصل ہوا جبکہ سکنڈ ایئر کے نتائج میں جئے شنکر بھوپالا پلی کو پہلا مقام حاصل ہوا ہے۔نتائج کو جاری کرنے کے بعد کیشو راؤ نے بات کرتے ہوئے کہا کہ امتحان میں ناکام ہونے والوں کو مایوس ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔انہوں نے سال گزشتہ کے مقابلہ میں 4 فیصد سے زائد کامیابی کا تناسب حاصل ہونے پر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کو مبارکباد

دی۔ اِس سال 1495 مراکز میں امتحان منعقد ہوا تھا۔ 9لاکھ 97ہزار طلبہ نے امتحان لکھا تھا جبکہ 30ہزار عملہ نے امتحان کے انعقاد میں حصہ لیا تھا۔ ریاست کے 20اضلاع میں اسپاٹ ویلیویشن کے مراکز قائم کئے گئے تھے۔ اس پروگرام میں سنٹر فار گڈ گورننس کے ڈائرکٹر جنرل روی گپتا اور محکمہ تعلیم کی سکریٹری یوگیتا رانا اور محکمہ تعلیم کے ڈائرکٹر سری دیوا سینا اور دیگر نے شرکت کی۔ عہدیداروں نے کہا کہ آنے والے مہینہ کی 13 تاریخ سے سپلیمنٹری امتحانات منعقد ہوں گے۔ اس موقع پر کے کیشو راؤ نے بات بھی کی۔

Sound Byte - K. Keshava Rao

Ponnam - Check Dam

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے آج حسن آباد منڈل کے کوچنا پلی میں 21 کروڑ 30لاکھ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے چک ڈیم فیڈر چینل کے کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اِس موقع پر ریاستی وزیر نے بات کرتے ہوئے کہا کہ حسن آباد اسمبلی حلقہ کو ریاست میں ایک مثالی حلقہ کے طور پر ترقی دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حسن آباد میں اربن فاریسٹ کے کام تیزی سے جاری ہیں۔ روزگار کے مواقعوں میں بہتری لانے کیلئے انڈسٹرئیل کاریڈور کو لایا جارہا ہے۔

Women Bill

نظام آباد کے رکن پارلیمنٹ دھرما پوری اروند نے کہا کہ خواتین ریزرویشن بل ملک کی تاریخ میں ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ آج انہوں نے نظام آباد کے بی جے پی دفتر میں بات کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ملک کی جمہوریت کو مضبوط بنانے کا یہ ایک اہم فیصلہ ہے۔ اِس موقع پر انہوں نے میڈیا سے بات بھی کی۔

Sound Bye - Arvind Dharmapuri

DGP Shivadhar Reddy

تلنگانہ کے ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے منچر یال ضلع کے کنے پلی منڈل میں نئے تعمیر شدہ پولیس اسٹیشن کی عمارت کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈی جی پی نے پودے بھی لگائے اور انہوں نے بات بھی کی۔

Sound Byte - DGP Shivadhar Reddy

اس پروگرام میں بلم پلی کے رکن اسمبلی گڈم ونود اور ضلع کے پولیس عہدیداروں کے علاوہ مقامی عوامی نمائندوں نے بھی شرکت کی جبکہ ڈی جی پی شیودھر ریڈی، آصف آباد ضلع کے دورہ پر ہیں۔ اِس موقع پر انہوں نے ربینا میں واقع اولڈ پولیس اسٹیشن میں قائم کئے گئے لائبریری اور ضلع کے ہیڈکوارٹر میں محکمہ جنگلات کے پوسٹ کے قریب قائم کئے گئے ہیلمٹ چوک کا افتتاح بھی کیا۔

Physical Handicap

جسمانی معذرین کارپوریشن کے چیرمین موتی نینی ویریا نے کہا کہ حکومت معذورین کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے کئی ایک فلاحی اسکیمات کو عمل میں لارہی ہے۔ آج انہوں نے نلگنڈہ میں منعقد کئے گئے ایک پروگرام میں جسمانی معذورین میں مفت امدادی آلات تقسیم کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ معذورین ایک دوسرے سے شادی کرنے پر حکومت کی جانب سے دی جانے والی امداد میں حکومت نے دولاکھ روپیوں تک کا اضافہ کیا ہے جبکہ ملازمتوں میں 4 فیصد ریزرویشن اور اعلیٰ تعلیم میں 5 فیصد ریزرویشن اور اس کے علاوہ اندراماں مکانات میں 5 فیصد ریزرویشن فراہم کیا جارہا ہے۔ اس کیلئے حکومت نے جی او بھی جاری کیا ہے۔

Asha Bhosle Tribute

مشہور گلوکارہ آشا بھوسلے کا آج انتقال ہوگیا۔ آشا بھوسلے کے انتقال پر تلنگانہ کے وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے اپنے گہرے دکھ کا اظہار کیا۔ انہوں نے آشا بھوسلے کی موت کو نہ صرف فلمی صنعت بلکہ پورے سنگیت کے شعبہ کیلئے نا قابل تلافی نقصان قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آشا بھوسلے نے 7 دہائیوں سے زائد عرصہ میں ہزاروں گیت گاتے ہوئے سنگیت کے شائقین کا دل جیت لیا تھا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ سنگیت کے شعبہ میں ان کی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے مرکزی حکومت نے ان کو دادا صاحب پھالکے اور پدم وبھوشن ایوارڈ سے نوازا تھا۔

Inter Nirmal

نرمل ضلع کلکٹر ابھیلاشا ابھینو نے کہا کہ انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں نرمل ضلع کے طلبہ نے شاندار مظاہرہ کیا ہے۔ انٹرمیڈیٹ سال اول کے نتائج میں نرمل ضلع میں 62.93 فیصد طلبہ نے کامیابی حاصل کی ہے اور اس کامیابی کے ساتھ ریاستی سطح پر 12 واں رینک حاصل کیا ہے جبکہ سال دوم میں 73.43 فیصد طلبہ نے کامیابی حاصل کرتے ہوئے 13 واں مقام حاصل کیا۔

Raghunandan Press Meet

میدک کے رکن پارلیمنٹ رگھونندن راؤ نے مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ پر بعض افراد کی جانب سے کیس درج کروانے کے مطالبہ کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں نکسل ازم کے خاتمہ کے مقصد کے تحت وزیر داخلہ امیت شاہ کام کررہے ہیں۔ ان کے خلاف غیر ضروری الزامات لگانا مناسب نہیں ہے۔

Minister Damodar Raja Narasimha

پٹن چیرو اگریکلچر مارکٹ کمیٹی کے چیرمین کے طور پر اے پوری شیوا انندم اور وائس چیرمین کے طور پر راجا شیکھر اور ڈائرکٹرس نے اپنے عہدہ کا حلف لیا۔ اِس تقریب میں ریاستی وزیر صحت داموودھر راج نرسمہا نے مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ اِس موقع پر ریاستی وزیر نے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت تعلیم اور صحت کے شعبہ کے علاوہ زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے بھی خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ اس تقریب میں ٹی جی آئی سی سی کی چیرمین نرملا جگا ریڈی، پٹن چیرو کانگریس پارٹی انچارج کاٹا سرینواس گوڑ، ضلع کانگریس پارٹی کے اہم قائدین، کارکن اور کسانوں نے شرکت کی۔

Saidapet - Sridhar Babu

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے آج سدی پیٹ ضلع کے نگ نور منڈل نرمٹا گاؤں میں 210 کروڑ کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے جونو جوئل بائیوفیول فیکٹری کے پہلے مرحلہ کے تعمیراتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اِس موقع پر ریاستی وزیر سریدھر بابو نے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی تمام علاقوں کی جامع ترقی کیلئے کام کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ کا مقصد تمام علاقوں کو جامع ترقی دینا ہے۔ اِس پروگرام میں سابق وزیر و رکن اسمبلی ہریش راؤ نے بھی شرکت کی۔

Kadiyam Srihari

ریاست کے نائب وزیر اعلیٰ وجنگاؤں ضلع کے اسٹیشن گھن پور کے رکن اسمبلی کڈیم سری ہری نے کہا کہ اسٹیشن گھن پور کو ترقی یافتہ اسمبلی حلقوں میں شامل کرنا ہی ان کا مقصد ہے۔ آج انہوں نے

اسٹیشن گھن پور منڈل کے دانیدار پلی گاؤں میں سی سی روڈ، اندراماں مکانات کی افتتاحی تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے 35 لاکھ روپیوں کی لاگت کے ذریعہ نئے تعمیر کئے گئے سی سی روڈ اور اندراماں مکانات کا افتتاح کیا اور اس موقع پر کڈیم سری ہری نے کہا کہ ریاست میں 80 فیصد اندراماں مکانات کی تعمیر مکمل کرتے ہوئے اسٹیشن گھن پور اسمبلی حلقہ ریاستی سطح میں سب سے آگے کھڑا ہے۔

Bandi Sanjay Kumar

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے خواتین کو بااختیار بنانے کی بات کرنے والی سیاسی پارٹیوں کو پارلیمنٹ میں 'ناری شکتی وندن ادھی نیم' بل کی مدد کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ریزرویشن بل کے ذریعہ 33 فیصد ریزرویشن حاصل ہوگا۔ سیاسی جماعتوں سے بالاتر ہوکر بل کی تائید کرنے پر زور دیا۔ یہ بل اس مہینہ کی 16 تاریخ سے 18 تاریخ تک منعقد ہونے والے پارلیمنٹ کے خصوصی اجلاس میں پیش کیا جا رہا ہے۔

○○